# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/MCAK/02 | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | صوبہ | | شعبہ (Department) | مدنی چینل عام کریں | |
| منصب (Designation) | صوبائی ذمہ دار | | جوابدہ (Report to) | نگران مجلس | |
| کام (Function) | مختلف مقامات پر مدنی چینل چلوانا اور آنے والے مسائل حل کرنا/کروانا | | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | ڈویژن تا تحصیل ذمہ داران | |

## منصب کے کام - Job Description

1. صوبہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران مجلس کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ وئیر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا، تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. شعبے سے متعلقہ ذمہ داران اور دیگر شخصیات کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا۔
6. شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ اور دارالافتاء اہلسنت وغیرہ) کا وزٹ کروانا۔
7. ایسے علاقے/شہر/ادارے وغیرہ جہاں مدنی چینل نہیں چلتا یا منتقلی (Transmission) میں خرابی ہو وہاں مدنی چینل چلوانا اور خرابی کو دُور کروانا۔
8. مدنی چینل کی مارکیٹنگ (اسٹیکرز، بل بورڈز، پینافلیکسز، سوشل میڈیا پیجز اور گروپس وغیرہ) کرنا/کروانا نیز کیبل چینلز میں مذہبی چینلز کے ساتھ مدنی چینل چلوانا۔
9. کیبل آپریٹرز کے ہوم چینلز اور شہروں کی مین موبائل مارکیٹس میں مدنی چینل اور سوشل میڈیا کا ڈیٹا (تلاوت مع تفسیر، حمد و نعت اور کڈز کارٹون وغیرہ) دینا/دلوانا۔
10. عوامی مقامات (ائیر پورٹس، ریلوے اسٹیشن، بس اسٹاپ وغیرہ) پر مدنی چینل اور دیگر ڈیجیٹل سروسز کے کیو آر (QR) کوڈ لگوانا۔
11. مختلف مقامات (اسکولز، کالجز، اکیڈمیز، رش والے مقامات اور گاؤں وغیرہ) پر اسلام فارایور (Islam forever) اور کڈز مدنی چینل کی پروموشن (Promotion) کرنا۔
12. دعوت اسلامی کی ڈیجیٹل ایپلیکیشن بالخصوص اسلام فارایور (Islam forever) کا ذمہ داران اور دیگر عاشقان رسول کو تعارف کروانا اور انسٹال کروانے کی کوشش کرنا۔
13. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق اپنے شعبے کے براہِ راست (Live) ہفتہ وار اجتماعات، سلسلوں، مبلغین کے بیانات اور مدنی مذاکروں سے متعلق مختلف کاموں کا جائزہ لینا۔
14. ہفتہ وار اجتماعات، ایونٹس کے اجتماعات اور ہفتہ وار مدنی مذاکروں میں یو ایس بی/میموری کارڈ اور موبائل وغیرہ میں فری ڈیٹا ٹرانسفر کیلئے بستہ (Stall) لگوانا۔
15. مختلف شہروں میں ہونے والے اراکین شوریٰ و دیگر مبلغین کے بیانات او بی (OB) وین کے ذریعے مدنی چینل پر براہِ راست (Live) کروانے میں معاونت کرنا/کروانا۔
16. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مدنی چینل اور دعوت اسلامی کے تحت ہونے والے بیانات و دیگر سلسلوں کی ریکارڈنگ کرنا/کروانا۔
17. شرعی و تنظیمی رہنمائی کے بعد ایف ایم (FM) ریڈیو اور دیگر ذرائع ابلاغ (Media) پر مدنی چینل اور سوشل میڈیا کا ڈیٹا چلوانا۔
18. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے جدید تقاضوں کے مطابق پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/کروانا۔
19. تنظیمی معلومات سے اپڈیٹ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا۔
20. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
21. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
22. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
23. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** (BA,BSC,BCS) + کمپیوٹر ڈپلومہ • **دینی تعلیم:** 63 دن تربیتی کورس، 41 دن قافلہ کورس، فیضان نماز کورس
- دعوت اسلامی کے دینی ماحول میں 5 سال کا عرصہ + 1 سال کا مارکیٹنگ کا تجربہ رکھتا ہو۔
- نوٹ:۔ مدنی (درس نظامی کئے ہوئے اسلامی بھائی) کو ترجیح دی جائے گی

- Team-building, Problem-solving, People Management, Verbal Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership Conceptual Skills, Long-term Planning

## اپنی دنیا و آخرت کو بھتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (ماہانہ و رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔